# اپنے نوزائیدہ بچے کو 8 ہفتے کا ہونے سے پہلے رجسٹر کریں!




## آپ آن لائن اور مفت رجسٹر کر سکتے ہیں!

اپنے بچے کے 8 ہفتے کا ہونے سے پہلے
**www.bdm.nsw.gov.au/newborn** پر جائیں۔ اگر آپ کو کوئی مسئلہ ہو
تو ہم مدد کیلئے حاضر ہیں۔ پیر تا جمعہ، صبح 9.00 بجے اور شام4.30
بجے کے درمیان 6485 9035 (02) پر کال کریں یا ان اوقات کے علاوہ کال
کر کے فون پر پیغام چھوڑ دیں۔

NSW GOVERNMENT

**NSW Registry of Births Deaths & Marriages**
NSW Department of Justice

# اپنے بچے کو رجسٹر کریں ...
# یہ حصہ مفت ہے!!



اس میں بالعموم 20 منٹ
کے قریب لگتے ہیں



### یہ اہم ہے کہ آپ اپنے بچے کو رجسٹر کریں - ہسپتال آپ کیلئے یہ کام نہیں کرتا!

اگر آپ اپنے بچے کو رجسٹر نہ کریں تو ممکن ہے آپ کو سنٹرلنک کے بعض وظائف جیسے والدین کیلئے رخصت نہ مل سکے۔ نیز اگر آپ کے بچے کی پیدائش رجسٹر نہ ہو تو آپ بچے کا سرٹیفکیٹ پیدائش حاصل نہیں کر سکیں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ سکول میں داخل ہونے یا کھیلوں میں شریک ہونے، پاسپورٹ حاصل کرنے، یا بڑا ہونے پر ڈرائیونگ لائسنس لینے، ملازمت حاصل کرنے، ٹیکس فائل نمبر لینے یا بینک اکاؤنٹ کھولنے کے قابل نہیں ہوگا۔

# اپنے بچے کو آن لائن رجسٹر کرنے کا طریقہ




### ماں اور باپ دونوں کی شناختی دستاویزات تیار کریں

آن لائن جانے سے پہلے آپ کو والدین میں سے ہر ایک کیلئے تین قسموں کی شناختی دستاویزات کی ضرورت ہو گی۔ آپ کے پاس کیٹیگری 1، 2 اور 3 میں سے ہر ایک کیٹیگری کی ایک شناختی دستاویز ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ کیٹیگری 1 اور 2 کی شناختی دستاویزات فراہم نہ کر سکتے ہوں تو آپ کو پھر بھی کم از کم تین قسموں کی شناختی دستاویزات فراہم کرنی ہوں گی۔ کم از کم دو دستاویزات کا کیٹیگری 3 میں سے ہونا ضروری ہے اور ایک دستاویز کیٹیگری 4 میں سے ہو سکتی ہے۔

**اگر آپ کے پاس یہ دستاویزات نہیں ہیں تو براہ مہربانی مدد کیلئے 6588 9035 (02) پر ہم سے رابطہ کریں۔**

| شناختی دستاویزات | | |
|---|---|---|
| **کیٹیگری 1** | **کیٹیگری 2** | **کیٹیگری 3** |
| **اگر آپ آسٹریلیا میں پیدا ہوئے تھے:**<br>• آسٹریلین سرٹیفکیٹ پیدائش<br>**یا امیگریشن کے حوالے سے حیثیت کا ریکارڈ:**<br>• شہریت کا سرٹیفکیٹ<br>• نیوزی لینڈ کی شہریت کا سرٹیفکیٹ<br>• نیوزی لینڈ کا سرٹیفکیٹ پیدائش | • آسٹریلین ڈرائیونگ لائسنس<br>• آسٹریلین پاسپورٹ<br>• اسلحے کا لائسنس<br>• غیرملکی پاسپورٹ<br>• عمر کے ثبوت کا کارڈ | • میڈی کیئر کارڈ<br>• سنٹرلنک یا ڈیپارٹمنٹ آف ویٹرنز افیئرز کا کارڈ<br>• سیکورٹی گارڈ/کراؤڈ کنٹرول (مجمع پر قابو پانے کا) لائسنس<br>• اعلی تعلیم کے ادارے کا شناختی کارڈ |
| **کیٹیگری 4** • بجلی،گیس، پانی وغیرہ کا حالیہ بل جس پر آپ کا موجودہ رہائشی پتہ ہو | | |

ہر دستاویز کا سکین یا فوٹو لیں اور اپنے کمپیوٹر یا موبائل ڈیوائس پر ایسی جگہ محفوظ کریں جہاں سے آپ کو یہ آسانی سے مل جائے۔ ایک اچھی تجویز یہ ہے کہ ہر فائل کو نام دے کر محفوظ کریں تاکہ آپ کو پتہ چل سکے کس فائل میں کیا ہے۔ یہ TIFF، JPEG یا PDF فائلز ہو سکتی ہیں (زیادہ سے زیادہ فائل سائز: 4MB ہر فائل کیلئے)۔ براہ مہربانی یہ یقینی بنائیں کہ انہیں صاف پڑھا جا سکتا ہو!






## یہ یقینی بنائیں کہ آپ بچے کے نام پر متفق ہیں۔

یہ اہم ہے کیونکہ اگر آپ آگے چل کر نام بدلنا چاہیں گے تو آپ کو اس کی فیس ادا کرنی پڑے گی۔




## www.bdm.nsw.gov.au/newborn پر جائیں

اور آن لائن فارم مکمل کریں۔ آن لائن فارم زیادہ تر براؤزرز میں صحیح چلتا ہے۔ اگر آپ کے براؤزر میں فارم نہ چلے تو کوئی اور براؤزر مثلا" Google Chrome یا Safari آزما کر دیکھیں۔
صفحہ 4 پر چیک لسٹ دیکھیں کہ آپ کو فارم شروع کرنے سے پہلے کن چیزوں کی ضرورت ہو گی۔

ہمیں احساس ہے کہ آپ بہت مصروف ہوں گے اس لیے آپ کو ایک ہی دفعہ میں فارم مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے - آپ پہلا صفحہ مکمل کرنے کے بعد پھر کسی وقت دوبارہ فارم شروع کر سکتے ہیں۔ بس آپ کو وہ ریفرنس نمبر استعمال کرنا ہو گا جو ہم آپ کو ای میل میں بھیجیں گے اور جب آپ کو کچھ فرصت ہو تو آپ وہیں سے فارم دوبارہ شروع کر سکتے ہیں جہاں آپ نے چھوڑا تھا۔








## بغور دیکھ لیں کہ سب کچھ درست ہے۔

آپ کو والدین میں سے دوسرے فریق سے بھی کہنا ہو گا کہ وہ اپنی تفصیلات کی درستگی چیک کرے (متعلقہ خانے میں ٹک کا نشان لگائیں)۔
یہ اہم ہے کہ ماں اور باپ دونوں معلومات چیک کر کے تصدیق کریں۔






## submit (بھیجیں) پر کلک کریں۔

رجسٹریشن والا حصہ مکمل کر لینے کے بعد، اگر آپ چاہیں تو اسی وقت سرٹیفکیٹ پیدائش آرڈر کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں (پچھلا صفحہ دیکھیں)۔

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### اگر مجھے انٹرنیٹ تک رسائی نہ حاصل ہو تو؟

پیر تا جمعہ، صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے کے درمیان 6588 9035 (02) پر فون کریں اور ہم آپ کو کاغذ کا فارم بھیج دیں گے۔

### اگر مجھے 8 ہفتوں تک بچے کو رجسٹر کرنا یاد نہ رہے تو؟

آپ پھر بھی آن لائن رجسٹر کر سکتے ہیں لیکن آپ کو اضافی معلومات فراہم کرنی ہوں گی۔

### اگر مجھے اپنی زبان میں مدد کی ضرورت ہو تو؟

یہ بروشر www.bdm.nsw.gov.au/newborn پر کئی زبانوں میں دستیاب ہے۔ اگر آپ کو اپنی زبان میں مدد کی ضرورت ہو تو 450 131 پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس کو فون کر کے انہیں 88 77 13 پر بات کروانے کو کہیں تاکہ آپ اپنے بچے کی پیدائش رجسٹر کر سکیں۔

# اگر آپ چاہیں تو آپ سرٹیفکیٹ پیدائش بھی آرڈر کر سکتے ہیں!

(اس کی فیس لگتی ہے)




## سرٹیفکیٹ پیدائش کیسے آرڈر کیا جاتا ہے؟

اسی آن لائن طریقے سے آپ یہ کام بھی کر سکتے ہیں۔ اپنے بچے کو رجسٹر کر چکنے کے بعد آپ سرٹیفکیٹ پیدائش آرڈر کرنے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں، یا اگر آپ چاہیں تو بعد میں آرڈر کر سکتے ہیں۔

## پیدائش رجسٹر کرنے کے ساتھ ہی سرٹیفکیٹ پیدائش کیوں آرڈر کیا جائے؟

ابھی آرڈر کر دینے سے آئندہ آپ کا وقت بچے گا۔

## کس قسم کے سرٹیفکیٹ پیدائش پائے جاتے ہیں؟

**عام سرٹیفکیٹ پیدائش** (دائیں طرف دکھایا گیا) کی فیس $56* ہے اور اس میں ڈاک اور بھیجنے کے کام کا خرچ بھی شامل ہے۔ یہ آپ کے بچے کی شناخت ثابت کرنے والی سرکاری دستاویز ہے۔

**یادگاری سرٹیفکیٹس** (نیچے دیکھیں) - کیوں نہ آپ اپنے خوبصورت بچے کی پیدائش کی خوشی میں ہمارے شاندار یادگاری سرٹیفکیٹس میں سے کوئی سرٹیفکیٹ پیدائش بھی بنوا لیں؟ اس کیلئے $25* مزید فیس لگتی ہے اور یہ فریم کروانے کیلئے بالکل درست سائز کا ہے (279mm x 355mm) ۔ آپ آن لائن دیکھ کر ہمارے بہت سے ڈیزائنوں میں سے اپنا پسندیدہ یادگاری ڈیزائن چن سکتے ہیں۔ بس یہ ذہن میں رکھیں کہ یادگاری سرٹیفکیٹس میں عام سرٹیفکیٹ کی طرح سیکورٹی تفصیلات نہیں ہوتیں لہذا ممکن ہے ادارے انہیں شناخت کے ثبوت کے طور پر قبول نہ کریں۔ یادگاری سرٹیفکیٹس عام سرٹیفکیٹ سے الگ بھیجے جاتے ہیں۔

*یہ قیمت بروشر چھپنے کے وقت درست ہے اور پیشگی اطلاع کے بغیر بدل سکتی ہے۔

### آسٹریلین کلاسیکس یادگاری سرٹیفکیٹ پیدائش

آسٹریلین کلاسیکس رینج آسٹریلیا میں بچوں کی کتابوں اور ٹی وی کے سب سے اہم اور تاریخی کرداروں کو پیش کرتی ہے جن میں May Gibbs, Play School, اور Blinky Bill اور بہت سے دوسرے کردار شامل ہیں۔



### لیگ کا پیدائشی مداح! NRL کے حوالے سے یادگاری سرٹیفکیٹ پیدائش

رجسٹری بڑے فخر سےNRL کے حوالے سے پیدائش کے یادگاری سرٹیفکیٹس کی ایک خصوصی نئی رینج پیش کر رہی ہے۔ اب نیو ساؤتھ ویلز میں پیدا ہونے والے لیگ کے مدّاحوں کیلئے سبھی 16 کلبوں کے ڈیزائن دستیاب ہیں۔



### آپ کو جن چیزوں کی ضرورت ہو گی، ان کی چیک لسٹ

- ☐ بچے کو رجسٹر کرنے والے شخص کا ای میل ایڈریس
- ☐ والدین میں سے ہر ایک سے رابطے کی تفصیلات
- ☐ بچے کا پورا نام
- ☐ بچے کی پیدائش کی تاریخ، وقت اور مقام
- ☐ پیدائش کے وقت بچے کا وزن، گراموں میں
- ☐ والدین میں سے ہر ایک کا پورا نام اور پیدائش کا مقام
- ☐ والدین میں سے ہر ایک کیلئے، ان کی ماں کی پیدائش کے وقت ماں کے نام کا آخری حصہ (سرنیم)
- ☐ والدین میں سے ہر ایک کا پیشہ
- ☐ حمل کے بیشتر عرصے میں والدین میں سے ہر ایک کا پتہ
- ☐ والدین میں سے ہر ایک کی تین شناختی دستاویزات کے صاف پڑھے جانے والے سکین یا فوٹو (صفحہ 2 پر مرحلہ 1 دیکھیں)
- ☐ اگر والدین کی قانونی شادی ہوئی ہو تو شادی کی تاریخ اور مقام
- ☐ اگر ماں یا باپ کے کسی اور ساتھی سے کوئی دوسرے بچے ہوں تو ان بچوں کی تفصیلات (پورا نام، پیدائش کی تاریخ اور مقام)
- ☐ دو اطلاع دہندگان کے نام، پتے اور رابطے کی تفصیلات (ان دونوں میں سے ایک خود درخواست دہندہ ہو)
- ☐ اگر آپ سرٹیفکیٹ پیدائش آرڈر کرنا چاہتے ہیں تو کریڈٹ کارڈ یا ڈیبٹ کارڈ

NSW GOVERNMENT
NSW Registry of Births Deaths & Marriages
NSW Department of Justice

GPO Box 30, Sydney NSW 2001
فون: 88 77 13 (Service NSW) صبح 7 بجے – شام 7 بجے، پیر تا جمعہ